
© rasailojaraid.com




## شیخ الاسلام جسٹس (ر) مفتی محمد تقی عثمانی

وفاق المدارس العربیہ کے جواں سال اور فعال ناظم اعلیٰ جناب مولانا محمد حنیف جالندھری صاحب کو اللہ تعالیٰ نے بہت سی قابل رشک صلاحیتوں سے نوازا ہے۔ سالہا سال سے دینی مدارس کے خلاف جو تحریک چل رہی ہے، اس کے مختلف مراحل پر انہوں نے دینی مدارس کے سلسلے میں جو تقریریں کیں، بیانات دیئے یا پریس کانفرنسیں کیں، انہوں نے مدارس کی صحیح حیثیت واضح کرنے اور ان پر اڑائے جانے والے گرد و غبار کو صاف کرنے میں موثر کردار ادا کیا ہے۔ اس کے مطالعے سے دینی مدارس کا صحیح روکار اور ان کے صحیح اغراض و مقاصد مستند طور پر معلوم ہو سکیں گے اور ان اعتراضات کی حقیقت بھی انشاء اللہ واضح ہو گی جو بے سوچے سمجھے اور دور دور بیٹھ کر ان مدارس پر کئے جاتے ہیں۔

## حضرت مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر

الحمدللہ! ہمارے اس دور میں وفاق کو حضرت مولانا سلیم اللہ خاں صاحب جیسے صدر اور ایک نوجوان باصلاحیت اور تجربہ کار ناظم اعلیٰ...... مولانا قاری محمد حنیف صاحب کی صورت میں نصیب ہوئے، جنہوں نے اپنی خداداد صلاحیتوں کو بروئے کار لا کر ہر میدان میں ان فتنوں کا مقابلہ کیا اور ان کے اعتراضات کے دندان شکن جواب دیئے۔ حکومتی سطح پر بھی اور غیر سرکاری سطح پر بھی، یہ کتاب ہر مدرسہ میں پہنچنی چاہئے، مدارس کے ذمہ دار حضرات اور مدرسین صاحبان اسے غور سے پڑھیں تاکہ وہ بوقت ضرورت تسلی بخش جواب دے سکیں۔

## حضرت مولانا زاہد الراشدی

مولانا قاری محمد حنیف جالندھری نے دینی مدارس کے اہداف و مقاصد کی وضاحت کرتے ہوئے دینی مدارس کے آزادانہ کردار کے خلاف بین الاقوامی اور حکومتی دباؤ کے اسباب و عوامل کو بے نقاب کیا ہے اور مختلف سطحوں پر اس سلسلے میں ہونے والے مذاکرات کی داستان بیان کی ہے، یہ تحریریں یقیناً اس علمی و ثقافتی جنگ کا ایک اہم حصہ رہی ہیں جو مدارس کی جدوجہد اور ان کے خلاف بڑھتے ہوئے دباؤ کے اصل مقاصد کو سمجھنے میں مددگار ہوں گی اور نئی نسل کے لئے رہنمائی کا ذریعہ ثابت ہوں گی۔

## ابن الحسن عباسی

مدارس کے تحفظ کے سلسلے میں وفاق المدارس نے کیا کردار ادا کیا؟ حکومت اور صاحب اقتدار طبقے کے ساتھ ان کے مذاکرات کے نکات اور نتائج کیا رہے؟ دینی مدارس کو نام نہاد دہشت گردی میں ملوث قرار دینے کی حقیقت کیا ہے؟ امن و امان کے داعی اسلامی تعلیم و تربیت کے ان مراکز کو دہشت گردی کے ساتھ کیوں نتھی کیا جا رہا ہے؟ یہ اور اس طرح کے دیگر سوالات کا تفصیلی جواب، آپ کو حضرت ناظم اعلیٰ وفاق المدارس کی اس کتاب میں ملے گا۔ یہ کتاب، مدارس سے متعلق عام مضامین کا مجموعہ نہیں، بلکہ گزشتہ کئی سالوں میں دینی مدارس کے دفاع اور تعارف کیلئے علمائے حق کی طرف سے ملکی اور بین الاقوامی سطح پر کی جانے والی کوششوں اور مساعی پر ایک مستند دستاویز کی حیثیت رکھتی ہے۔

© rasailojaraid.com